پریس ریلیز

صدر گوجرانوالہ چیمبر شیخ غلام حسین جج کی چیف ایگزیکٹو گیپکو انجینئر محمد ایوب سے اہم ملاقات

گوجرانوالہ: گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ غلام حسین جج نے تجارتی و صنعتی طبقات کو درپیش پیشہ ورانہ امور اور بجلی سے متعلقہ درپیش چیلنجز کے تدارک کے لیے تعمیری کاوشوں کے سلسلے کا باضابطہ آغاز کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج کی قیادت میں وفد نے گوجرانوالہ الیکٹرک پاور کمپنی (گیپکو) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر محمد ایوب سے ان کے دفتر میں باضابطہ ملاقات کی، وفد میں نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر، سابق صدور عاصم انیس، رانا محمد صدیق خاں اور ایگزیکٹو ممبر طارق محمود شامل تھے۔

ملاقات کے دوران صنعتی کلسٹرز اور تجارتی مراکزی کی فعالیت سے متعلق تکنیکی و آپریشنل امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج نے مقامی انڈسٹری کو درپیش فیلڈ مسائل پر بات کرتے ہوئے کہا کہ صنعتی فیڈرز پر بجلی کی بلا تعطل فراہمی، لو وولٹیج کے مسائل کی تصحیح اور نئے صنعتی کنکشنز کے عمل کو مزید شفاف اور تیز بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، جبکہ التوا کا شکار کیسز کی فوری یکسوئی یقینی بنائی جائے۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر گیپکو انجینئر محمد ایوب نے چیمبر کی تجارتی کاوشوں کو سراہتے ہوئے یقین دہانی کروائی کہ گیپکو انتظامیہ صنعت کاروں کو سازگار ماحول فراہم کرنے کے لیے تمام تکنیکی و انتظامی وسائل بکار لائے گی اور نشاندہی کیے گئے تمام آپریشنل امور پر ترجیحی بنیادوں پر پیش رفت یقینی بنائی جائے گی۔

PRESS RELEASE

GCCI President Sheikh Ghulam Hussain Judge Holds Key Meeting with CEO GEPCO Engr. Muhammad Ayub

GUJRANWALA: Demonstrating active engagement to address professional concerns and electricity-related challenges faced by the commercial and manufacturing sectors, President of the Gujranwala Chamber of Commerce and Industry (GCCI), Sheikh Ghulam Hussain Judge, has formally launched constructive consultations. In this regard, a high-level GCCI delegation led by President Sheikh Ghulam Hussain Judge called upon Engineer Muhammad Ayub, Chief Executive Officer of the Gujranwala Electric Power Company (GEPCO), at his office. The delegation comprised Vice President Rana Muhammad Farhan Asghar, former Presidents Asim Anees, Rana Muhammad Siddique Khan, and Executive Member Tariq Mahmood.

During the meeting, technical and operational aspects concerning the operational viability of industrial clusters and commercial centers were reviewed in detail. Highlighting the operational challenges confronting the local industry, President Sheikh Ghulam Hussain Judge emphasized that ensuring uninterrupted electricity supply on industrial feeders, resolving low voltage anomalies, and streamlining new industrial connections through a transparent and fast-track process are vital imperatives of the hour. He also urged the expeditious settlement of long-pending cases.

Appreciating the Chamber's proactive representation of the business community, CEO GEPCO Engineer Muhammad Ayub assured the delegation that the GEPCO management will leverage all administrative and technical resources to facilitate industrialists and foster a conducive business environment, adding that priority progress will be ensured on all operational matters raised by the Chamber.